19.03.2024

21.15 Hrs

HL

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں .................. اسلم بیگ

**Music**

1 سپریم کورٹ نے شہریت کے ترمیمی قانون پر عمل درآمد پر ، روک لگانے سے انکار کر دیا ہے۔ عدالت نے حکومت کو، اِس قانون کو چیلنج کرنے والی درخواستوں کا جواب دینے کے لیے تین ہفتے کا وقت دیا ہے۔

2 ہریانہ کابینہ میں توسیع کرتے ہوئے، آٹھ نئے وزیروں کو شامل کیا گیا ہے۔

3 لوک سبھا انتخابات کے پہلے مرحلے کے لیے اطلاع نامہ کل جاری کیا جائے گا۔ اس مرحلے کے تحت 17 ریاستوں اور مرکز کے زیرانتظام چار علاقوں کی 102 سیٹوں پر انتخابات کرائے جائیں گے۔

4 BJP نے، لوک سبھا انتخابات کے لیے تمل ناڈو میں PMK کے ساتھ اتحاد کیا ہے۔

5 حماس کے ڈپٹی ملٹری کمانڈر مروان عیسیٰ کی، اسرائیل کے ایک فضائی حملے میں موت ہو گئی ہے۔

6 اور بیڈمنٹن میں، Basel میں سوئس اوپن سپر 300 ٹورنامنٹ شروع ہو گیا ہے۔

**Music**

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

**SC CAA**

سپریم کورٹ نے آج شہریت کے ترمیمی قانون CAA پر،عمل درآمد پر روک لگانے سے انکار کر دیا ہے۔ سپریم کورٹ نے اُن 247 درخواستوں کا جواب دینے کے لیے حکومت کو تین ہفتے کا وقت دیا ہے جن میں اِس قانون کو چیلنج کیا گیا ہے۔ اِس قانون کا اطلاع نامہ پچھلے ہفتے جاری کیا گیا تھا۔

معاملے کی سنوائی بھارت کے چیف جسٹس ڈی وائی چندرچوڑ، جسٹس جے بی پاردی

والا اور جسٹس منوج مشرا نے کی۔

درخواست دہندگان میں، انڈین یونین مسلم لیگ، اپوزیشن رہنما کانگریس کے جے رام رمیش اور ترنمول کانگریس کی مہوا موئترا بھی شامل ہیں۔

اِس کیس کی اگلی سنوائی 19 اپریل کو ہوگی۔ ×

## Haryana MLA

ہریانہ کے وزیراعلیٰ نائب سنگھ سینی نے آج اپنی کابینہ میں توسیع کی ہے۔ انہوں نے ایک رکن اسمبلی کو کابینی وزیر کے طور پر اور سات ارکان اسمبلی کو آزادانہ چارج کے ساتھ وزیرمملکت کے طور پر کابینہ میں شامل کیا ہے۔ ہریانہ کے گورنر بندارو دتّاتریا نے چنڈی گڑھ کے راج بھون میں، اِن نئے وزیروں کو عہدے اور رازداری کا حلف دلایا۔

وزیراعلیٰ نائب سنگھ سینی اور سابق وزیراعلیٰ منوہرلال بھی، حلف برداری کی اِس تقریب میں شریک تھے۔ حصار کے رکن اسمبلی کمل گپتا کو، کابینی وزیر کے طور پر سب سے پہلے حلف دلایا گیا۔ انہوں نے سنسکرت میں حلف لیا۔ وہ پچھلی حکومت میں بھی وزیر تھے۔

جن لوگوں کو کابینہ میں وزیرمملکت کے طور پر جگہ دی گئی ہے اُن میں رکن اسمبلی ڈاکٹر کمل گپتا، بڈکلMLA سیما تریکھا، پانی پت دیہی کے MLA مہیپال دھانڈا، امبالہ سٹی کے MLA اسیم گوئل، ننگل چودھری کے MLA ابھے سنگھ یادو، تھانیسر کے MLA سُبھاش سُدھا، بوانی کھیڑا کے MLA بِشمبرسنگھ بالمیکی اور سوہنا MLA سنجے سنگھ شامل ہیں۔ اِن سبھی کو آزادنہ چارج سونپا گیا ہے۔

اِس توسیع کے ساتھ ہی ہریانہ کابینہ میں وزیروں کی تعداد 13 ہو گئی ہے۔×

## LS Poll Notification

لوک سبھا انتخابات کے پہلے مرحلے کا اطلاع نامہ کل جاری کیا جائے گا۔ اِس مرحلے میں، 17 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام 4 علاقوں میں 102 لوک سبھا سیٹوں کے لیے اگلے مہینے کی 19 تاریخ کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔

کاغذاتِ نامزدگی اِس مہینے کی 27 تاریخ تک داخل کیے جا سکتے ہیں۔

لوک سبھا انتخابات ملک میں سات مرحلوں میں کرائے جائیں گے اور ووٹوں کی گنتی 4 جون کو کرائی جائے گی۔×

## Kerala PM Road Show

وزیراعظم اور BJP کے سینئر رہنما نریندر مودی نے آج، NDA کی انتخابی مہم کے حصے کے طور پر، کیرالہ کے پلکڑ شہر میں ایک روڈ شو میں شرکت کی۔ عام انتخابات کے اعلان کے بعد کیرالہ میں جناب مودی کی یہ پہلی سرگرمی تھی۔ BJP کے ریاستی صدر کے-سریندرن اور پلکڑ نیز Ponnani لوک سبھا حلقوں کے NDA امیدوار وزیراعظم کے ہمراہ رہے۔

روڈ شو کے بعد جناب مودی، تمل ناڈو میں سلیم گئے جہاں انہوں نے ایک عوامی جلسے سے خطاب کیا۔ انہوں نے کہا کہ PMK کے ساتھ، سیٹوں کے بٹوارے کے بعد NDA کو ایک نئی توانائی ملی ہے۔ ×

## BJP PMK

BJP نے، تمل ناڈو میں لوک سبھا انتخابات کے لیے PMK، کے ساتھ اتحاد کیا ہے۔ معاہدے کے تحت PMK دس سیٹوں پر چناؤ لڑے گی۔

اس معاہدے پر تائلاپورم میں PMK کے بانی ایس رامادوس، PMK کے صدر امبومنی رامادوس اور BJP کے ریاستی صدر کے اناملائی نے دستخط کیے۔×

## Cong CWC Meeting

کانگریس ورکنگ کمیٹی نے آج، 2024 کے لوک سبھا انتخابات کے لیے پارٹی منشور پر تبادلۂ خیال کیا۔ کمیٹی نے یہ میٹنگ نئی دلی میں منعقد کی جس میں پارٹی صدر ملکارجن کھڑگے، سابق صدور سونیا گاندھی اور راہل گاندھی نیز پرینکا گاندھی واڈرا، پی چدمبرم، دِگ وجے سنگھ، اجے ماکن اور کے سی وینوگوپال سمیت دیگر سینئر رہنماؤں نے شرکت کی۔

میٹنگ کے بعد نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے جناب وینوگوپال نے کہا کہ پارٹی کی ورکنگ کمیٹی نے کانگریس صدر کو اختیار دیا ہے کہ وہ، منشور کے لیے حتمی منظوری دے۔×

## SC NCP

سپریم کورٹ نے آج ایک عبوری حکم جاری کیا ہے، یہ حکم، نیشنلسٹ کانگریس پارٹی NCP میں، شرد پوار اور اجیت پوار دھڑوں کے درمیان جاری تنازعہ سے متعلق ہے۔ سپریم کورٹ نے اپنے حکم میں، شرد پوار دھڑے کو اجازت دی ہے کہ وہ آئندہ لوک سبھا اور

اسمبلی انتخابات میں اپنی پارٹی کا نام ''نیشنلسٹ کانگریس پارٹی - شرد چندر پوار'' کے طور پر استعمال کر سکتی ہے۔

سپریم کورٹ نے اِس دھڑے کو اِن انتخابات کے لیے پارٹی کا چناؤ نشان ''منھ سے ایک روایتی باجا تُرہا بجاتے ہوئے شخص'' کے استعمال کی بھی اجازت دی ہے۔ سپریم کورٹ نے انتخابی کمیشن کو ہدایت دی ہے کہ وہ لوک سبھا اور اسمبلی انتخابات کے لیے NCP-شرد چندر پوار اور چناؤ نشان کو تسلیم کرے۔

عدالت نے انتخابی ادارے سے یہ بھی کہا ہے کہ وہ یہ چناؤ نشان کسی دوسری سیاسی پارٹی کو الاٹ نہ کرے۔

عدالت نے اُدھر، اجیت پوار دھڑے سے بھی کہا ہے کہ وہ ایک پبلک نوٹس جاری کرے جس میں یہ بتایا جائے کہ NCP کا ''گھڑی'' کا چناؤ نشان ابھی عدالت میں زیر سماعت ہے اور اِس کا استعمال، عدالت کی طرف سے کسی فیصلے کے بعد ہی کیا جائے گا۔

عدالت نے یہ ہدایت شرد پوار کی طرف سے داخل کی گئی ایک درخواست کے جواب میں دی ہے، جس میں بھارت کے انتخابی کمیشن کے اِس فیصلے کو چیلنج کیا گیا تھا کہ NCP کا چناؤ نشان ''گھڑی'' اجیت پوار گروپ کو دیا جائے۔x

## Court Sisodia

دلّی کی Rouse ایوینو عدالت نے آج دلّی شراب پالیسی گھپلے کے معاملے میں عام آدمی پارٹی کے رہنما منیش سسودیا کی عدالتی تحویل میں 6 اپریل تک توسیع کر دی ہے۔ اِس سے پہلے دلّی کی عدالت نے سابق نائب وزیر اعلیٰ سسودیا کی عدالتی تحویل میں اِس ماہ کی 22 تاریخ تک توسیع کی تھی۔ x

## NIA PFI

قومی جانچ ایجنسی NIA نے کیرالا میں RSS لیڈر سری نواسن کے قتل کے الزام میں ممنوعہ تنظیم پاپولر فرنٹ آف انڈیا، PFI کے ایک مفرور ممبر کو گرفتار کیا ہے۔ NIA کے مطابق شفیق 16 اپریل 2022 کو Palakkad میں ہوئے سری نواسن کے منصوبہ بند قتل کے بعد سے مفرور تھا۔ شفیق، ملاّپورم ضلعے کا رہنے والا ہے اور وہ پاپولر فرنٹ آف انڈیا کی مشینری اور حملہ کرنے والے دستے کا حصہ تھا، جس نے سری نواسن کا بے رحمی سے قتل کیا۔

x

**NCW RPF Human Trafficking**

خواتین کے قومی کمیشن NCW اور ریلوے حفاظتی فورس RPF نے نئی دلّی میں انسانی اسمگلنگ کی روک تھام کیلئے ایک مفاہمت نامے پر دستخط کیے ہیں۔ اِس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے خواتین کے قومی کمیشن کی چیئر پرسن ریکھا شرما نے کہا کہ ریلوے اسٹیشنوں پر تعینات، ریلوے حفاظتی فورس کے اہلکار، خواتین اور بچوں کے خلاف جرائم کی روک تھام میں اہم رول ادا کر رہے ہیں۔ انھوں نے کہا کہ انسانی اسمگلنگ کے 70 فیصد واقعات خواتین اور بچیوں سے وابستہ ہیں۔ x

**Bombay High Court**

بامبے ہائی کورٹ نے، ممبئی کے سابق پولیس افسر پردیپ شرما کو، 2006 میں ایک فرضی اینکاؤنٹر کیس میں مجرم گردانا ہے اور عمر قید کی سزا سنائی ہے۔

سیشن کورٹ کے، بری کرنے کے حکم کو کالعدم قرار دیتے ہوئے، جسٹس ریوتی موہیتے ڈیرے اور گوری گوڈسے کی ایک ڈویژن بنچ نے آج فیصلہ سنایا کہ نچلی عدالت نے مضبوط شواہد کو نظر انداز کر دیا ہے۔ بنچ نے یہ بھی کہا کہ اِس کیس میں بہت سے شواہد سے، شرما کے ملوث ہونے کا ثبوت ملتا ہے۔x

**Chhatisgarh Security Force**

چھتیس گڑھ میں قبائلی بستر ڈویژن میں آج سکیورٹی فورسز کے ساتھ گولی باری میں ایک باغی خاتون سمیت دو ماؤنواز ہلاک ہوگئے۔ ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ ڈسٹرکٹ ریزرو گارڈ، CRPF اور بستر فائٹرس کی مشترکہ ٹیم خصوصی اطلاعات کی بنیاد پر دانتے واڑہ ضلع میں Purengel-Gammpur کے جنگلوں میں تلاشی کی کارروائی انجام دے رہی تھی۔ اسی دوران ماؤنوازوں نے Kirandul علاقے میں سکیورٹی اہلکاروں پر گھات لگا کر حملہ کردیا، جس کے بعد سکیورٹی فورسیز نے جوابی کارروائی کی۔ اس واقعے کے بعد جائے واردات سے دو ماؤنوازوں کی لاشیں اور دو اسلحے برآمد کیے گئے۔ x

**Hamas Leader Killed**

حماس کے نائب فوجی کمانڈر مروان عیسیٰ کو اسرائیل کے ایک فضائی حملے میں ہلاک کر دیا گیا ہے۔ امریکہ کے قومی سلامتی کے مشیر Jake Sullivan نے یہ جانکاری دی

ہے۔ اسرائیلی میڈیا کے ذرائع نے یہ خبر بھی دی ہے کہ مروان عیسیٰ کی ہلاکت، پچھلے ہفتے وسطی غزہ میں واقع Nuseirat پناہ گزین کیمپ کے نیچے ایک سرنگ کمپلیکس پر حملے میں ہوئی تھی۔ تاہم غزہ پر کنٹرول رکھنے والے فلسطینی گروپ نے ان کی ہلاکت کی اطلاعات پر باضابطہ کوئی تبصرہ نہیں کیا ہے۔ عیسیٰ، 7 اکتوبر کو جنگ شروع ہونے کے بعد سے ہلاک ہونے والا حماس کا سب سے سینئر لیڈر تھا۔ وہ پچھلے سال اکتوبر میں اسرائیل پر حملے کے فیصلے سے براہ راست وابستہ تھا اور اُسے اسرائیل کے انتہائی مطلوب افراد میں ایک سمجھا جاتا تھا۔ x

## Gaza Hunger

اقوام متحدہ کی حمایت والی ایک جائزہ رپورٹ میں کل کہا گیا ہے کہ شمالی غزہ میں بھکمری، پوری طرح عیاں ہے۔ یہاں 70 فیصد لوگوں کو بھکمری کا سامنا ہے۔

خوراک کی یقینی فراہمی کے مرحلے کی مربوط درجہ بندی کرنے والے ادارے نے اپنی رپورٹ میں کہا ہے کہ غزہ کے شمال میں، غذا اور خوراک کی کمی، بھکمری کی سطح سے تجاوز کر چکی ہے اور یہاں، بھوک سے ہونے والی اموات نمایاں ہیں۔

یہ جائزہ، اسرائیل پر اِس عالمی دباؤ کے دوران جاری کیا گیا ہے کہ وہ 23 لاکھ عوام کی اِس آبادی میں، انسانی ہمدردی سے متعلق مزید امداد پہنچائے جانے کی اجازت دے۔

کسی صورتحال کو بھکمری اُس وقت قرار دیا جاتا ہے، جب کسی آبادی کے کم سے کم 20 فیصد حصے کو خوراک کی انتہائی قلت کا سامنا ہو، جس میں تین بچوں میں سے ایک بچے میں غذائیت کی انتہائی کمی ہو اور فی دس ہزار لوگوں میں سے روزانہ دو افراد، بھوک یا غذائیت کی کمی اور بیماری سے مر رہے ہوں۔x

## Startup Mahakumbh

اسٹارٹ اپ مہا کنبھ میں ریکارڈ تعداد میں سرکردہ   سرمایہ کاروں، اختراع کاروں اور امنگوں والے کاروباریوں نے شرکت کی ہے۔ 2 ہزار سے زیادہ اسٹارٹ اپس اور ایک ہزار سے زیادہ سرمایہ کار، اِس اہم پروگرام میں شرکت کر رہے ہیں۔

پچھلے دو دن کے دوران تمام متعلقہ فریقوں کے درمیان آگے کے راستے اور نیٹ ورکنگ کے بارے میں حوصلہ افزا بات چیت ہوئی ہے۔ مشہور صنعتی لیڈران اور پالیسی سازوں نے حاضرین سے خطاب کیا اور بھارت کی اقتصادی ترقی میں اسٹارٹ اپ کے کلیدی رول

پر اپنے خیالات کا اظہار کیا ہے۔ نئی دلّی کے پرگتی میدان میں اسٹارٹ اپ مہا کمبھ میں 10 موضوعات پر پویلین قائم کیے گئے ہیں۔ اسٹارٹ مہا کنبھ کل اختتام پذیر ہو جائے گا۔ x

## Raksha Mantri Trophy

پنے اورلکھنوَ کمان اسپتال کو ''رکشا منتری ٹرافی'' سے نوازا گیا ہے اور اِسے، سال 2022 کا مسلح فوجوں کی میڈیکل خدمات کا دوسرا بہترین کمان اسپتال قرار دیا گیا ہے۔

یہ ایوارڈ مسلح فوجوں کی میڈیکل خدمات کے ڈائریکٹر جنرل اور سینئر کرنل کمانڈینٹ، آرمی میڈکل کور کے لیفٹیننٹ جنرل دَلجیت سنگھ نے آج نئی دلی میں عطا کیے۔

انہوں نے فوجی کارروائیوں اور امن کے دوران، طبی خدمات کی فراہمی میں سبھی چیلنجوں سے نمٹنے پر مسلح فوج کی میڈیکل خدمات کی تیاریوں پر زور دیا۔

رکشا منتری ٹرافی کا سلسلہ 1989 میں شروع کیا گیا تھا جس کا مقصد AFMS کے مسلح فوجوں کے اسپتالوں کی طرف سے حفظان صحت خدمات کی فراہمی میں مہارت کو تسلیم کرنا نیز ان اسپتالوں کے مابین ایک صحت مند مقابلے کے جذبے کو پروان چڑھانا ہے۔x

## Swiss Open Badminton

سوئس اوپن سپر 300 بیڈمنٹن 2024 ٹورنامنٹ Basel میں شروع ہو گیا ہے۔

مردوں کے سنگلز میں لکشے سین، Kadambi سری کانت، Pryanshu Rajawat اور کے-جارج آج اپنے 32 راؤنڈ کے میچ کھیلیں گے۔ اس سے پہلے سمیر ورما اور ایس کے کروناکرن نے اپنے کوالیفائی میچ جیت لیے ہیں۔

خواتین کے ڈبلز میں چھٹے نمبر کی Ashwani Ponnappa اور Tanisha Crasto کی جوڑی کا مقابلہ ملیشیا کی Trias Psupitasari اور Rachel Allessya Ross سے ہوگا، جبکہ بھارت کی Treesa Jolly اور گایتری گوپی چند کی دوسری جوڑی کا مقابلہ، امریکہ کی Annie Xu اور Kerry Xu کی جوڑی سے ہوگا۔x

☆☆☆☆☆